**فوری ریلیز کے لیے: 10/1/2023** ***گورنر KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL نے تمام ریاست نیو یارک کے لیے مستقبل میں نوکریاں اور کاروبار بڑھانے کے لیے معاشی جدت کے منصوبے کا اعلان کیا**

***ہدف کے مطابق سرمایہ کاری سے تیزی سے نشونما پاتی ہوئی صنعتیں پایہ تکمیل تک پہنچیں گیں اور ریاستی سپلائی چین کو مستحکم کریں گی***

***منصوبہ ریاست نیویارک میں مزید عالمی معیار کی کمپنیوں کو لانے اور نوکریوں کی بڑھوتری میں حوصلہ افزائی کے لیے پرکشش اور مخصوص تجارتی منصوبوں کو بڑھائے گا***

گورنر کیتھی Kathy Hochul نے 2023 اسٹیٹ آف اسٹیٹ کا حصہ ہوتے ہوئے، ہدف کے مطابق سرمایہ کاری، تجارتی تعاون اور دوسرے لائحہ عمل کے ذریعے سے کہ جس کا مقصد تیزی سے نشونما پاتی ہوئی صنعتیں ہیں ریاست نیو یارک میں ہر طرف معاشی مواقع اور جدت کو بڑھانے کے منصوبوں کا اعلان کیا یہ تجویز، جو کہ تیزی سے ترقی پزیر صنعتی سیکٹرز جیسے اعلی ٹیکنالوجی، لائف سائنسز اور ترقی یافتہ مینوفیکچرنگ پہ مرکوز ہے جس میں ریاستی سپلائی چین اور قائم شدہ پرکشش تجارتی منصوبوں کو جو پہلے ہی ترقی ثابت کر چکے ہیں، مربوط کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔ یہ مجموعی کوششیں نیو یارک کی جدید معاشیات کو فروغ دیں گی اور ریاست میں ہر طرف تجارتی ترقی اور نوکریوں کی پیداوار میں حوصلہ افزائی کریں گی۔

"ریاست نیویارک جدت کے مرکز کے طور پہ صرف ایک تاریخی میراث سے بڑھ کر ہے، یہ ہمارا راستہ زیادہ روشن اور زیادہ ترقی یافتہ مستقبل کی طرف بناتا ہے" **گورنر Hochul نے کہا۔** " اعلی ٹیکنالوجی، لائف سائنسز اور ترقی یافتہ مینوفیکچرنگ پہ مرکوز رہتے ہوئے ہم نئے مواقع نکالنا، نیویارک کی معاشیات کو ٹیکنالوجی کے میدان میں ایک قدم آگے رکھنا جاری رکھیں گے اور مستقبل میں نوکریاں پیدا کرنے میں ایک راہنما کے طور پہ قائم رہیں گے۔"

نیویارک پہلے ہی مستقبل کی نوکریاں پیدا کرنے میں سب سے آگے ہے۔ 2010 اور 2021 کے درمیان، ٹیک سیکٹر میں 113,000 زیادہ اجرت والی نوکریاں پیدا کی گئیں، سائنسی ریسرچ سے سافٹ وئیر ڈیویلوپمنٹ تک ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے اور نیویارک کے تجارتی مراکز نے 2021 میں وینچر کیپیٹل میں 53$ بلین اکٹھے کے۔ نیویارک قومی سطح پہ لائف سائنسز وینچر کیپیٹل فنڈنگ میں ایک چوٹی کی ریاست ہے اور اس نے 2017 سے 580 نئی لائف سائنسزکمپنیوں کا استقبال کیا ہے اور 9,700 نئی نوکریوں کا اضافہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ، مائیکرون کی وسطی نیویارک میں سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں 100$ بلین کی سرمایہ کاری کہ جو 50,000 نئی نوکریاں پیدا کرے گی، نے ریاست کو جدید مینوفیکچرنگ میں ایک مرکزی حیثیت میں دوبارہ کھڑا کیا ہے۔ ایسے اور دوسرے تیزی سے نشوونما پاتے ہوئے سیکٹرز کی لگاتار ترقی نیویارک کی پیش قدمی کرتی ہوئی معیشت کی چابی ہے۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈیویلوپمنٹ کی صدر، CEO، اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** " گورنر Hochul، کی قیادت تلے ہم نیویارک کی نوکریاں پیدا کرنے اور سب کو معاشی مواقع فراہم کرنے کو فروغ دینے کے ذریعے سے ریاست کی معیشت بڑھانے کو ایک کلی نقطہ نظرکے طور پہ نافذ کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul کی مستحکم معاشی حکمت عملی، ریاست کی معیشت کو تیزی سے ترقی کرتی ہوئی صنعتوں کو ہدف بنانے اور پائیداری کر فروع دینے سے

ترتیب دی جائے گی جبکہ ایک ایسی معیشت بنائی جائے جو کہ سب نیویارک کے رہائشیوں کو ترقی دے اور ہماری ریاست کی مستقبل کی کامیابی کو یقینی بنائے۔"

**ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ پروگرام**

گورنر Hochul نے ایک ٹیکنالوجی انوویشن میچنگ پروگرام تجویز کیا ہے، جو کہ میچنگ گرانٹس میں ان نیویارک کمپنیز کو دسیوں لاکھ ڈالر دے گا جو کہ سمال بزنس انوویشن ریسرچ اور سمال بزنس ٹیکنالوجی ٹرانسفر والے منصوبوں کے لیے درخواست دے رہی ہیں، دو کمپیٹیٹیو وفاقی منصوبے – جو کہ "امریکا سیڈ فنڈ" کے طور پہ جانے جاتے ہیں- جو کہ چھوٹے کاروبار کے لیے حوصلہ افزاء ہیں کہ وہ ریسرچ اور ڈیویلوپمنٹ میں تجارتی سطح پر آنے امکانات کے ساتھ شامل ہوں۔ فی الحال، آدھی سے زیادہ قومی ریاستوں میں ان کے درخواست گزاران کے لیے SBIR/STTR میچنگ گرانٹس والا منصوبہ موجود ہے۔ نیویارک ڈز ناٹ – نیویارک کو جدید سرمایہ کاری پیدا کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے میں ایک تقابلی نقصان میں رکھتا ہے۔ یہ میچنگ سرمایہ کاری، اس سرمایہ کاری کے لئے بیک وقت نوکریاں پیدا کرتے ہوئے اور نیویارک کے شہریوں کو دوسری ریاستوں کی مسابقت میں چھوٹے کاروبار کی افزائش اور نئی سائنسی ترقی کی نشوونما میں مدد فراہم کرے گی۔

**سیل اور جین تھراپی میں سرمایہ کاری**

تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے لائف سائینس سیکٹر میں نیویارک کے رہنما کے درجہ کو مضبوط کرتے ہوئے، گورنر Hochul نے دو سیل اینڈ جینی تھراپی (Cell and Gene Therapy, CGT) سینٹرز کے قیام کی تجویز دی – ایک بالائی ریاست میں اور ایک زیریں ریاست میں۔ CGT، کینسر کی طرح کی بیماریوں کا علاج کرتا ہے، مریض کے دوبارہ سے پروگرام ہوئے سیل بنا کر ایسے کہ یا تو بیماری کرنے والے سیل کو سدھار کر یا ٹیومر کو مار کر۔ 2021 میں تمام ذاتی سرمایہ کاری کا ایک تہائی حصہ CGT کی طرف جا رہا ہے، نیو یارک اس لائف سائینسز انڈسٹری کے نئے تیزی سے نشوونما پانے والے سب سیکٹر کی ارتقاء میں مدد فراہم کرنے کے لیے منفرد انداز میں مقیم ہے - اوپری ریاست کا مرکز پہلے سے موجود اداروں کو قوت فراہم کرئے گا جو کہ سیل اور جینی تھراپیز پہ ریسرچ اور ڈیویلوپمنٹ کر رہے ہیں اور نچلی ریاست کا مرکز مریضوں کی بڑی ابادی کو CGT تک رسائی فراہم کرئے گا۔ ہر ایک سینٹر جدید ترین ریسرچ میں شامل ہونے کے ساتھ CGT کے بنیادی ڈھانچے، ٹیکنالوجی اور سروسز کو تلاش کرے گا۔

**نیویارک کی اسپلائی چین کو مستحکم کرنا**

جیسا کہ حال ہی میں عالمی معاشی مارکیٹ کی کمی نے ثابت کیا ہے، ریاست کی سپلائی چین کو محفوظ بنانا ناصرف نیویارک کے شہریوں کی صحت اور بہبود کے لیے اشد ضروری لیکن معاشیات میں خلل کو روکنے کے لیے بھی ضروری ہے۔ گورنر Hochul نے نیویارک میں ترتیب دیے ہوئےایک نئے اقدام کا اعلان کیا ہے کہ جس کی رو سے اشد ضروری اشیاء کی سپلائی چین کو فعال طور پرمربوط بنانے کے لیے ان صنعتوں کی توجہ اور مدد لیتے ہوئے لیتے ہوئے کہ جو نیویارک میں ضروری سامان کی تیاری کرکے دیتی ہیں۔ ریاستی ایجنسیز اہم صنعتوں کی شناخت کے لیے تعاون کریں گی جس سے اہم مصنوعات کی فراہمی سے ریاستی معاشی تحفظ اور خوش حالی بڑھے گی۔ ESD پھر ان صنعتوں کے ساتھ کام کرے گی اور ان کو نیو یارک میں لانے کے لیے ترغیب دے گی-

**سیگنیچر بزنس اٹریکشن پروگرامز میں وسعت**

گورنر Hochul نے امپائر اسٹیٹ ڈیویلوپمنٹ کو ہدایات دی ہیں کہ موجودہ بزنس ایٹریکشن پروگرامینگ کو بہتر کیا جائے اور وسعت دی جائے تاکہ جدید سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائے اور نوکریوں اور کاروبار کی بڑھوتری کو جاری رکھا جائے۔

*بہتر ایکسلسیئر نوکریوں کا پروگرام*

ایکسلیئر نوکریوں کا پروگرام ملازمت کی تخلیق، سرمایہ کاری، اور تحقیق اور ترقی کے منصوبوں کے لیے کارکردگی کی بنیاد پر ٹیکس کریڈٹس ان کاروباری اداروں کو دیتا ہے جو ریاست نیو یارک میں منتقل ہو رہی ہیں یا بڑھ رہی ہیں۔ اس کامیاب منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے، گورنر Hochul اضافی اہم ریاستی ترجیحات جیسے پسماندہ کمیونٹیز اور آبادیوں کی مدد اور سبز معیشت کو آگے بڑھانے کے لیے ایکسلیئر کو بڑھا دے گا۔

ایکسلیئر کے ذریعے، LEED سلور سرٹیفیکیشن یا اس سے زیادہ یا پسماندہ کمیونٹیز کے اندر واقع منصوبوں کو اضافی مدد فراہم کی جائے گی۔ یہ تبدیلیاں کاروباروں کو راغب کرنے اور ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کی کوششوں میں اضافہ کریں گی اور انہیں وسعت دیں گی، جبکہ پائیداری کو فروغ دیں گی اور نیو یارک کو رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک زیادہ مساوی جگہ بنائیں گی۔ ایکسلیئر پائیداری اور پسماندہ کمیونٹیز میں سرمایہ کاری پیدا کرنے سے متعلق ریاست کی ترجیحات کی بہتر عکاسی کرے گا۔

*توسیعی خوشحالی اور اختراعی کیمپس (EPIC)*

ESD توسیعی خوشحالی اور اختراعی کیمپسز (EPIC) اقدام کا آغاز کرے گا، تاکہ نئے کاروبار کی ترقی میں مدد ملے اور نجی شعبے اور ریاست کے سرکردہ تعلیمی مراکز کے درمیان مضبوط شراکت قائم کرنے میں مدد ملے۔ ٹیکنالوجی سے متعلقہ اختراعات ریاست کے لیے مضبوط ترقی کے انجن ہیں، جس سے لاکھوں ڈالر کی سرمایہ کاری اور زیادہ اجرت والی ملازمتیں پیدا ہوتی ہیں۔ گورنر Hochul جانتی ہیں کہ ہمارے موجودہ اختراعی انجنوں کے لیے اضافی تعاون کے ساتھ، نیو یارک نئی ٹیکنالوجیز تیار کرنے میں قوم کی رہنمائی کر سکتا ہے اور بے مثال اقتصادی ترقی کے فوائد حاصل کر سکتا ہے۔

EPIC نے START-UP NY منصوبے کی جگہ لے لی ہے، جو اس کے ڈیزائن کے باعث متاثر ہوا تھا۔ تنقیدی طور پر، EPIC میں: ایک جیسے تقاضے، فوائد، اور اہلیت کے معیار اپسٹیٹ اور ڈاؤنسٹیٹ ہوں گے؛ اختراعی کاروباری اداروں کی وسیع رینج کی حمایت؛ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے ہموار کیا جائے؛ اور ریاست میں جگہ کی مقدار میں اضافہ کریں جو بڑھتے ہوئے اختراعات اور ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے وقف ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418